© rasailojaraid.com



## کتاب کا نام : فتاوی دیو بند پاکستان المعروف بہ فتاوی فریدیہ

مصنف مفتی محمد فرید تخریج وتبویب مفتی محمد وہاب

ناشر دارالعلوم صدیقیہ زروبی ضلع صوابی طبع اول ۲۰۰۴ء

قیمت وصفحات قیمت درج نہیں ۶۸۰ صفحات

مفتی صاحب صوبہ سرحد کے بہت بڑے عالم دین وفقیہ ہیں اور پیر طریقت ہیں آپ کے فتاویٰ کی یہ دوسری جلد ہے جو کہ کتاب الطہارت اور کتاب الصلوۃ پر مشتمل ہے ان فتاویٰ میں فقہی جزئیات اور مکمل حوالہ جات کا اہتمام کیا گیا ہے اگر آخر میں کتابیات مکمل کوائف کے ساتھ دے دی جائیں تو کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے ہر مفتی کو اس سے استفادہ کرنا چاہئے اور اسے ہر لائبریری کی زینت ہونا چاہئے

## کتاب کا نام : بر صغیر میں عربی نعتیہ شاعری مقالہ پی ایچ ڈی

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحٰق قریشی

تجزیہ نگار : پروفیسر علی محسن صدیقی

اسلام سے پہلے اہل ہند سے عربوں کے رابطے تھے۔ عرب بالخصوص حجاز ان تجارتی کاروانوں کی گزرگاہ تھا جو جنوبی ہند سے بادبانی کشتیوں کے ذریعہ خلیج عرب کے ساحلی شہروں میں آتے اور عرب کے صحرائی راستوں سے ہوتے ہوئے شام وایشیائی کوچک سے گزر کر بازنطینی علاقوں تک پہنچتے تھے۔ زمانہ عظیم میں یہ عظیم کارواں تھا جو بین الاقوامی حیثیت رکھتا تھا۔ مکہ کا شہر اسی شاہراہ (امام مبین) پر واقع تھا اور اس سرزمین میں جوع وخوف میں اس کے مکینوں کیلئے طعام و امن کی رسد وفراہمی کا واحد ذریعہ یہی تجارتی کارواں تھے جن کا ایک بازو قریش بھی تھے۔ عرب وہند کے قدیمی روابط کی وجہ سے عربی زبان میں ہندوستانی الفاظ بھی درآئے اور قرآن مجید میں بھی سنسکرت کے الفاظ کی موجودگی ان روابط کی شاہد عدل ہے۔ یہ ابتدائی روابط اقتصادی تھے اور

© rasailojaraid.com